اس کے بعد سفید کاغذ پر چار نقش باوضو لکھیں۔ اور ان کے فتیلے بنائیں۔ پھر چار چراغوں میں جو اس سے پہلے استعمال نہ ہوئے ہوں۔ تلوں کا تیل ڈالیں اور ان میں ان فتیلوں کو روئی میں بتی بنا کر مریض کو دائیں بائیں آگے پیچھے جلائیں۔ جب تک ان کی بتیاں پوری طرح جل نہ جائیں۔ چراغ کو بجھنے نہ دیں۔ بجھ جائے تو فوراً ہی دوبارہ جلادیں۔ چراغوں کے جلنے کے دوران ایک انگیٹھی میں کوئلے دہکا کر مریض کے سامنے رکھ لیں۔ اور تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد اجوائن اور رائی اس میں ڈالتے رہیں۔ اگر اجوائن اور رائی چراغ بجھنے سے پہلے ختم ہو جائے تو انگیٹھی بجھادیں۔ ڈھائی سو گرام سے زیادہ رائی اور اجوائن کا استعمال نہ کریں۔

وہ چاروں نقش یہ ہیں، ان نقوش میں فلاں کی جگہ مریض اور اس کی ماں کا نام لکھیں۔

اس نقش کو مریض کے دائیں طرف جلائیں

۷۸۶

ااا ھے ھ ⊞ اا اا ھ و		
۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہو جائے		

اس نقش کو مریض کے پشت پر جلائیں

۷۸۶

روس ح رع ل وی دس ف ل ی		
۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہو جائے		

اس نقش کو مریض کے بائیں طرف جلائیں

۷۸۶

۱۱۱ح ھ ⊞ ۱۱ ۱۱ھ		
۴	۳	۸
۹	۵	۱
۲	۷	۶
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہو جائے		

اس نقش کو مریض کے سامنے جلائیں

۷۸۶

۱۱۱ح ھ ⊞ ۱۱ ۱۱ھ		
۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴
فلاں ابن فلاں ہر قسم کے سحر سے محفوظ ہو جائے		

یہ عمل صرف ایک دن کرنا ہے۔ اس کے بعد مندرجہ ذیل نقش باوضو چالیس ۴۰ عدد بنائے جائیں۔ اور اس نقش کو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک گلاس پانی میں ڈال دیں۔ اگر نقش مٹی کے پیالے یا لوٹے میں گھولیں تو زیادہ موثر ثابت ہوگا۔ اور اس پانی کو عصر اور مغرب کے درمیان مریض کو پلا دیں۔ نقش کاغذ کسی کیاری گملے میں یا کسی درخت کی جڑ میں دبا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس دن پورے ہونے سے پہلے ہی مریض کی حالت سدھرنی شروع ہو جائے گی۔ اور ہر قسم کے علوی اور سفلی جادو سے نجات نصیب ہوگی۔ وہ نقش جو چالیس ۴۰ عدد لکھ کر چالیس ۴۰ دن پلانا ہے۔ وہ یہ ہے نیچے کی سطر میں اگر مریض عورت ہو تو مرد کے بجائے عورت لکھیں۔ پلانے والے نقش میں نام کی ضرورت نہیں ہے۔

۷۸۶

۱۰۳۴	۱۰۳۹	۱۰۳۲
۱۰۳۳	۱۰۳۵	۱۰۳۷
۱۰۳۸	۱۰۳۱	۱۰۳۶
یاالٰہی اس مرد کو جادو سے نجات دے		

جمعرات کے دن پہننے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ (سورۃ صافات ۳۷ آیت ۷۹)			
۱۳۱	۱۱۰	۱۱۶	۳۲۲
۱۱۷	۳۲۱	۱۳۲	۱۰۹
۳۲۰	۱۱۴	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۳۱۹	۱۱۵

جمعہ کے دن پہننے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی مُوْسٰی وَهٰرُوْنَ (سورۃ صافات ۳۷ آیت ۱۲۰)			
۱۳۱	۱۱۰	۱۱۶	۲۶۸
۱۱۷	۲۶۷	۱۳۲	۱۰۹
۲۶۶	۱۱۴	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۲۶۵	۱۱۵

ہفتے کے دن پہننے والا نقش

۷۸۶

سَلٰمٌ عَلٰی اِلْ یَاسِیْنَ (سورۃ صافات ۳۷ آیت ۱۳۰)			
۱۳۱	۱۱۰	۳۱	۷۰
۳۲	۶۹	۱۳۲	۱۰۹
۶۸	۲۹	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۶۷	۳۰

اتوار کے دن پہنے والا نقش

سَلٰمٌ" عَلٰی قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ (سورۃ یٰسین ۳۶، آیت ۵۸)			
۱۳۱	۱۳۷	۲۹۲	۲۸۹
۲۹۳	۲۸۸	۱۳۲	۱۳۶
۲۸۷	۲۹۰	۱۳۹	۱۳۳
۱۳۸	۱۳۴	۲۸۶	۲۹۱

پیر کے دن پہنے والا نقش

سَلٰمٌ" عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰی (سورۃ طٰہٰ ۲۰، آیت ۴۷)			
۱۳۶	۱۱۰	۵۶۳	۵۰
۵۶۴	۴۹	۱۳۲	۱۰۹
۴۸	۵۶۱	۱۱۲	۱۳۳
۱۱۱	۱۳۴	۴۷	۵۶۲

منگل کے دن پہنے والا نقش۔

سَلٰمٌ" عَلَیْکُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ (سورۃ زمر، ۳۹ آیت ۷۳)			
۱۳۱	۱۷۰	۴۵۱	۱۴۲۲
۴۵۲	۱۴۲۱	۱۳۲	۱۶۹
۱۴۲۰	۴۴۹	۱۷۲	۱۳۳
۱۷۱	۱۳۴	۱۴۱۹	۴۵۰

بدھ کے دن پہنے والا نقش۔

سَلٰمٌ" هِیَ حَتّٰی مَطْلَعِ الْفَجْرِ (سورۃ قدر ۹۷، آیت ۵)			
۱۳۱	۴۳۳	۱۴۹	۳۱۴
۱۵۰	۳۱۳	۳۱۲	۴۳۲
۳۱۲	۱۲۷	۴۳۵	۱۳۳
۴۳۴	۱۳۴	۳۱۱	۱۴۸

"سَلٰمٌ" قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ (سورۃ یٰسین ۳۶ آیت ۵۸)

والا نقش گلے میں ڈال دینا چاہیے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کیسا بھی جادو ہوگا علوی یا سفلی پوری طرح اس سے جنات مل جائے گی۔ اور اٹھائیس ۲۸ دن میں مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ قاعدہ یہ ہے کہ ہر نقش چار کی تعداد میں بنانے چاہیے اور اوپر دی ہوئی ہدایت کے مطابق انہیں استعمال کرنا چاہیے۔ پھر دیکھئے ان "ہفت سلام" کا کرشمہ کیا ہے۔

سحر کے اثر سے نجات

سحر کا اثر اگر معمولی اور بالخصوص میعاد کے دوران عامل کو خدمت کا موقع مل جائے تو عامل کو چاہیے کہ وہ مندرجہ ذیل نقش کو باوضو کالی روشنائی سے لکھ کر موم جامہ کر کے اس کو کالے رنگ کے کپڑے اور کالے ہی رنگ کے ڈورے میں کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ یہ نقش جمعرات کے دن سورج نکلنے سے پہلے پہلے مریض کے گلے میں ڈالیں۔ تو افضل ہے۔ ورنہ جب بھی موقع ہو ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر کے اثرات سے پندرہ دن کے اندر نجات مل جائیگی اور مریض بفضل رب العالمین رو بہ صحت ہوگا۔

نقش یہ ہے۔

جادو کاٹنے کا عمل

سخت سے سخت جادو کے لئے یہ طریقہ بھی مؤثر ثابت ہوا ہے اکثر اکابرین جادو اتارنے کے لئے اس طریقے کو استعمال کیا ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ ایک بوتل پانی سامنے رکھ کر باوضو گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورۂ یٰسین کی تلاوت کریں۔ سورۂ یٰسین میں سات مبین ہیں۔ ہر مبین پر رک کر سورۂ یٰسین کی آیت "سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ" (سورۃ یٰسین ۳۶، آیت ۵۸) چودہ ۱۴ مرتبہ پڑھیں اور بوتل پر دم کر دیں۔ اسی طرح ساتوں مبین پر رک کر ۱۴ مرتبہ مذکورہ آیت پڑھیں اور ہر مرتبہ بوتل پر دم کرتے رہیں ختم سورہ تک۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بوتل پر دم کر دیں۔ اور یہ پانی صبح وشام، صبح کو نہار منہ اور شام کو مغرب سے پہلے اور عصر کے بعد مریض کو پلائیں اور مندرجہ ذیل نقش کالے کپڑے میں موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات ملے گی۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۴۸	۶۵۱	۶۵۴	۶۴۰
۶۵۳	۶۴۱	۶۴۷	۶۵۲
۶۴۲	۶۵۶	۶۴۹	۶۴۶
۶۵۰	۶۴۵	۶۴۳	۶۵۵

جادو واپس لوٹانا

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس پر جو سحر کیا گیا ہے وہ سحر کرانے والے کی طرف لوٹ جائے تو سورۃ کوثر روزانہ باوضو سو ۱۰۰ مرتبہ بلا درود شریف پڑھا کرے اور یہ نقش جو سورۃ کوثر کا نقش ہے کاکپڑے میں موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ۴۰ دن کے اندر اس پر چڑھا ہوا جادو لوٹ جائے گا۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

جادو کے اثرات ختم کرنا

یہ نقش بھی جادو کے اثرات ختم کرنے میں بے حد موثر ثابت ہوا ہے اور یہ نقش حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے منسوب ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ باوضو آٹھ نقش تیار کئے جائیں۔ ایک نقش موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈالیں اور سات نقش مریض کو روزانہ دودھ میں

گھول کر پلائے جائیں۔ نقش ہمیشہ رات کو سوتے وقت پلایا جائے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

١٦٥١١	١٦٥٢٥	١٦٥٢١	١٦٥١٨
١٦٥٢٢	١٦٥١۷	١٦٥١٢	١٦٥٢۴
١٦٥١٦	١٦٥١٩	١٦٥٢۷	١٦٥١٣
١٦٥٢٦	١٦٥١۴	١٦٥١٥	١٦٥٢٠

حقیقت جن

جن حق تعالیٰ کی ایک مستقل مخلوق ہے۔ جس کی پیدائش انسانوں سے پہلے ہوئی۔ اور یہ آگ سے بنائے گئے ہیں۔ قرآن میں ہے۔

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ مِّنْ حَمَاٍ مَّسْنُوْنٍ وَالْجَآنَّ خَلَقْنٰهُ مِنْ قَبْلُ مِنْ نَّارِ السَّمُوْمِ۔ (سورۃ حجر، ۱۵ آیت ۲۶ سے ۲۷)

ترجمہ:۔ کہ اور ہم نے آدمی کو کھنکھنا۔ تے سڑتے ہوئے گارے سے پیدا کیا۔ اور جنوں کو اس سے پہلے آگ کی لو سے پیدا کیا۔

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ۔ (سورۃ رحمٰن، ۵۵ آیت ۱۵)

ترجمہ:۔ اور اس نے جنوں کو آگ کی لو سے پیدا کیا۔

قرآن حکیم کی بہت سی آیات میں اس بات کی تصدیق ہوتی ہے کہ جن ایک مخلوق ہے۔ جس میں نیک و بد بھی ہیں اور مشرک بھی۔ ان میں توالد و تناسل کا سلسلہ بھی ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ وہ مکاشفہ مخلوق ہے۔ قرآن کی یہ آیتیں ان ہی حقائق کو پیش کر رہی ہیں۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ۔ (سورۃ ذاریات ۵۱ آیت ۵۶)

نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ۔ (سورۃ جن ۷۲، آیت ۱ تا ۲)

ترجمہ :

اور اے پیغمبر سب لوگوں کو جتا دو کہ میرے پاس خدا کی طرف سے اس بات کی وحی آئی ہے کہ جنات میں سے چند شخصوں نے مجھے قرآن پڑھتے سنا۔ اور انہوں نے پیچھے اپنے لوگوں سے جا کر کہا کہ ہم نے عجیب طرح کا قرآن سنا جو نیک راہ دکھاتا ہے۔ سو ہم اس پر ایمان لے آئے اور ہم تو کسی کو اپنے پروردگار کا شریک نہیں ٹھہرائیں گے۔

وَّاَنَّا مِنَّا الْمُسْلِمُوْنَ وَمِنَّا الْقَاسِطُوْنَ ۔ (سورۃ جن ۷۲ آیت ۱۴)

اِنَّهٗ يَرٰىكُمْ هُوَ وَقَبِيْلُهٗ مِنْ حَيْثُ لَا تَرَوْنَهُمْ ۔ (سورۃ اعراف ۷ آیت ۲۷)

كَانَ مِنَ الْجِنِّ فَفَسَقَ عَنْ اَمْرِ رَبِّهٖ ۔ (سورۃ کہف ۱۸، آیت ۵۰)

ترجمہ :

اور بلاشبہ کچھ ہم میں سے فرمانبردار ہیں اور کچھ بے انصاف، بیشک وہ (شیطان) اور اس کی ذریات تم کو ادھر سے دیکھتے ہیں۔ جدھر سے تم ان کو نہیں دیکھتے۔ اور نہ تھا (ابلیس) جنات میں سے پس نافرمانی کی اس نے اپنے رب کی اپنے کی۔

غرض یہ کہ قرآن حکیم اور رسول اکرم ﷺ نے ہم کو یہ اطلاع دی ہے کہ "جن" اگر چہ ہماری نظروں اور نگاہوں سے پوشیدہ ہیں۔ لیکن وہ ایک مکلّف مخلوق ہیں یہ ایک مسلمہ حقیقت ہے کہ انسانی مشاہدات میں غلطی کی گنجائش ہوتی ہے اور بار ہا ایسی غلطیاں سرزد ہوتی رہتی ہیں۔ لیکن وحی الٰہی اور نبی برحق کی اطلاع میں غلطی کی ہرگز گنجائش نہیں لہٰذا ہمارا ایمان ہے کہ جنات ایک مستقل مخلوق خدا ہے اور اس میں بھی ہر طرح کے لوگ موجود ہیں رہا یہ امر کہ وہ ہمارے مشاہدات و محسوسات سے باہر ہیں اور ہم ان کو نہیں دیکھ سکتے۔ تو یہ انکار کی کوئی معقول وجہ نہیں۔ آج کی اس دنیا میں بے شمار چیزیں ایسی ہیں جو ہمیں نظر نہیں آتیں مگر ہم ان کے قائل ہیں اور ان کو مانتے ہیں۔ یہ ایک مسلمہ اصول ہے کہ کسی چیز کا نظر نہ آنا

اس کے باطل ہونے کی دلیل نہیں۔

علم دوطرح سے حاصل ہوتا ہے ایک علوم وفنون کے ذریعہ جو کسب واکتساب کا محتاج ہے اور دوسرے وحی الٰہی کے راستے سے ہوتا ہے۔ پس اگر کوئی شے علوم وفنون کی راہ سے ہم معلوم نہ کرسکیں اور وحی الٰہی اس کی تصدیق کرتی ہو تو ہر عقل مند شخص کا فرض ہے کہ وہ اسے قبول کرے۔ شیخ بدرالدین شبلیؒ نے ایک خاص کتاب جنوں کے حالات پر لکھی ہے۔ اس کا نام آکام المرجان فی احکام الجان ہے۔ اور مولانا بدیع الزمان صاحب نے ایک مسلمان جن سے ایک حدیث سنی تھی۔ جنہوں نے آنحضرت ﷺ سے سنی تھی۔ ان کا نام غالباً شاہ سکندر تھا۔ اس کے علاوہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے جنوں کو دیکھا۔ ان سے حدیث سنی ہے اور شیخ عبدالعزیز محدث دہلوی بیان کرتے ہیں کہ ایک جن ان کے پاس حدیث پڑھنے آتا تھا۔ بہرحال جنوں کا انکار کرنا قرآن وحدیث اور اجماع امت سے انکار ہے ابن عربی نے کہا ہے کہ مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جن کھاتے پیتے ہیں نکاح کرتے ہیں اور ان کی اولادیں ہوتی ہیں۔

جنات کے بارے میں چند دلچسپ معلومات

ایک بزرگ نے جنات کے متعلق یہ فرمایا ہے کہ جن سو سال میں بالغ ہوتا ہے۔ مدینہ سے جنات کی جماعت کراچی چند لمحوں میں پہنچ جاتی ہے۔ ابھی بھی مدینہ میں جنات کے ایک بزرگ ہیں جن کے لاکھوں مرید ہیں۔ ان بزرگ جن کا نام قاری عبدالعلیم ہے۔ صالح جنات کی غذا خوشبو بھی ہے۔ خوشبو سونگھ کر ان کا پیٹ بھر جاتا ہے۔ ان میں دیو بھی ہوتے ہیں ایک دیو ڈھائی لاکھ جنات پر بھی بھاری ہوتا ہے اور ایک موکل ڈھائی لاکھ دیو پر بھاری ہوتا ہے۔ وہ یہ فرماتے تھے کہ قرآن میں سورہ مزمل کے موکلین سب سے زیادہ طاقتور ہوتے ہیں۔ ایک دفعہ انہوں نے ایک دیو سے کہا کہ میرے مرنے کے بعد تم کیا خدمت کرو گے تو دیو عبدالسلام نے کہا کہ میرے لڑکے ہیں۔ ایک ایک پارہ سب سے پڑھوا کر

بخشوادوں گا۔ وہ پہلے سال میں ایک بار صحابی جن کی دعوت کرتے اور ان سے دعا کرواتے تھے۔ لیکن آخری عمر میں اختلاف علماء کے سبب سے انہوں نے چھوڑ دیا تھا۔

انہوں نے یہ بھی فرمایا کہ ہر جن ایک ہزار جادو کے عکس چھوڑ سکتا ہے۔ جس سے مریض اور عامل یہ سمجھتے ہیں یہ جن ہے اور کوئی اس کو پکڑ نہیں سکتا۔ کیونکہ وہ عکس ہوتا وہ جادو کا عکس صرف موکلین کو نظر آتا ہے اور اگر اس کو جلا دیا جائے تو جن تڑپ تڑپ کر مر جاتا ہے۔

جنات کی خیالی قوت

جنات کی قوت کے متعلق شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی فتح العزیز میں فرماتے ہیں کہ اللہ نے ایسی مخلوق پیدا فرمائی ہے جس کے وہم وخیال کی قوت وطاقت، عقل شہوت اور غصب پر غالب ہے اور یہ غلبہ اس حد تک ہے کہ ان کے ہر اختیاری فعل میں عقل شہوت یا غصب ان کے اعتبار سے اس مخلوق کے جسم انسان کی روح ہوائی کے مشابہ ہیں۔ جنات کے جسم اور انسان کی روح ہوائی ہیں۔ یہ فرق ہے کہ انسان کی روح ہوائی تو عناصر اربعہ کا خلاصہ ہوتی ہے اور جنات کے جسم آگ اور ہوا کے مرکب ہوتے ہیں۔

جن کی مختلف شکلیں کیسے ہوتی ہیں

جن اپنی شکلیں بدلتے رہتے ہیں۔ کبھی جانوروں کی شکل میں اور کبھی انسانوں کی صورت میں آجاتے ہیں۔ یہ اپنا قد اگر لمبا کرنا چاہتے ہیں تو آسمان تک پہنچا دیتے ہیں اور ہمارا یہ بھی مشاہدہ وتجربہ ہے کہ اگر یہ چھوٹے ہونا چاہتے ہیں تو جراثیم کے برابر چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ یہاں ایک اہم شبہ پیدا ہوتا ہے کہ جب جنات شکلیں بدل لیتے ہیں تو یہ کیسے پتہ چلے گا کہ کون کس کا رشتہ دار ہے کوئی بھی کسی کے روپ میں آجائے کون سا جن کس کے قریب چلا گیا، کون پہچانے گا تو اس کا حل خود اللہ نے کر دیا ہے کہ جو شیاطین ہیں۔ ان کی پیشانی پر سیاہ داغ پڑ جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے وہ پکڑے جاتے ہیں اور کسی مسلمان کے گھر

نہیں جا سکتے۔ اس کے برعکس مسلمان جنات کی پیشانیاں روشن اور چمکدار ہوتی ہیں وہ جب صفیں باندھتے ہیں تو اپنی پیشانی بالکل واضح کر کے رکھتے ہیں اور پیشانی صاف چمکدار دکھائی دیتی ہے۔ حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی اس بارے میں ارشاد فرماتے ہیں کہ جنات کا ظاہری جسم انسان کی روح ہوائی کی طرح لطیف ہے۔ روح کے ساتھ اختلاط سے اصل کی لطافت اور بھی بڑھ جاتی ہے یہی سبب ہے کہ ان کا جسم مختلف شکلیں اختیار کر سکتا ہے۔ ظاہری جسم کا تغیر خوف یا گھبراہٹ کے عالم میں یا سرور و مسرت کے موقعہ پر انسان میں بھی مشاہدہ ہے۔ بہر حال یہ مخلوق کبھی اصل صورت پر باقی رہ کر مسامات اور رگوں کے ذریعہ جسم انسان میں داخل ہو کر تغیرات کا باعث ہوتی ہے اور کبھی کوئی کثیف جسم اختیار کر کے ایک بڑی یا ہولناک شکل و صورت کے ظہور میں آتی ہے۔

جنات کا مسلمان ہونا

جب حضور اکرم ﷺ اسلام کی تبلیغ کے لئے قبائل میں دورے کر رہے تھے۔ اور اسی نیت سے عکاظ کے میلہ میں تشریف لے جا رہے تھے۔ راستہ میں رات کے وقت مقام نخلہ میں قیام ہوا۔ صبح کے وقت حضور اکرم ﷺ اپنے ساتھیوں کے ساتھ نماز میں مصروف تھے۔ اور قرآن مجید کی آیتیں بلند آواز کے ساتھ تلاوت فرما رہے تھے۔ اتفاق سے جنوں کی ایک جماعت تہامہ کی طرف سے آئی اس کا اس مقام پر گزر ہوا۔ اس نے جب قرآن کی یہ آیتیں سنیں تو وہ یک بارگی پکار اٹھے کہ یہی وہ نور حق ہے جو درخشاں ستاروں میں ہمیں نظر آتا ہے۔ وہ سب لوٹ کر اپنی قوم میں گئے اور ان کو جا کر خاتم نبوت کی بشارت سنائی جس کا ذکر سورہ جن میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے تفسیر خازق میں ہے کہ آنحضرت ﷺ طائف سے واپسی پر مقام نخلہ ٹھہرے۔ نصف شب کے قریب حضور نماز پڑھ رہے تھے کہ نصیبین کے ۷ جن حسا، مسا، شاحرہ، ناصر، ابن الادب، امین، اخصم آئے اور انہوں نے نماز میں آنحضرت ﷺ کی قرأت سنی اور اسلام لے آئے اور وہاں سے واپس آ کر اپنی تبلیغ میں

مشغول ہوگئے۔ اسی واقعہ کا ذکر قرآن حکیم کی ان آیات میں فرمایا گیا ہے۔

وَاِذْصَرَفْنَا اِلَیْکَ نَفَرًامِّنَ الْجِنِّ یَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ۔

(سورۃ احقاف ۴۶، آیت ۲۹)

جنات میں یہ سات افراد تھے۔ جو سب سے پہلے حضور ﷺ پر ایمان لائے تھے۔

جنات کی رسول اکرم ﷺ سے ملاقات شرف یابی

عَنْ کعب الاحبار قَال لمااِنمانصرف النفرا السبعة مِن اهل نصيبين مِن بَطْنَ نخلة جاء و اقْدمهُم منذرين فخرجوا وافدين الى رسول الله صلى الله عليه وسلم ثلثمائة فانتَهُوا الى الحجون فجاء الاحقب فسَلَّم على رسول الله ﷺ قَال إنَّ قومًاقدحضرو الحجون يلقونكم فوَاعده' رسول الله ﷺ من اللّيل بالحجون۔

ترجمہ :

حضرت کعب احبارؓ کہتے ہیں کہ جب نصیبین سے سات جن اسلام قبول کر کے بطن نخلہ سے اپنی قوم میں واپس آئے تو تین سو جنوں کا وفد حجون آکر رکا اور احقب نے آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کیا اور کہا حضور ہماری قوم کا ایک وفد آپ سے ملاقات کے لئے حجون میں حاضر ہے، شرف باریابی عطا فرمائی جائے۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ حجون میں ملاقات ہوگی۔

مسند ابن حنبل کے زیادات میں حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی زبانی جنوں کی آمد کا ایک اور واقعہ مذکور ہے وہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ آنحضرت ﷺ مکہ میں رات کے وقت ہم لوگوں کے ساتھ بیٹھے تھے کہ یکا یک آپ نے فرمایا کہ تم میں سے میرے ساتھ کوئی چلے لیکن وہ نہ چلے جس کے دل میں ذرا سا بھی کھوٹ ہو، ابن مسعودؓ کہتے ہیں کہ میں پانی کا لوٹا لے کر آپ کے ساتھ ہولیا۔ آپ مجھے ساتھ لئے ہوئے مکہ سے آگے پہنچے، وہاں مجھ کو کچھ

پر چھائیاں ایک جگہ اکٹھی نظر آئیں۔ آپ نے ایک خط کھینچ دیا، اور فرمایا کہ جب تک میں واپس نہ آؤں تم یہیں کھڑے رہو، یہ کہہ کر آنحضرت ﷺ آگے بڑھ گئے۔ میں نے دیکھا کہ وہ پرچھائیاں آپ کی طرف چلیں، آپ ان کے ساتھ دیر تک بیٹھے باتیں کرتے رہے، جب فجر کا وقت ہوا تو آپؐ میرے پاس آئے اور وضو کا پانی مانگا۔ میں نے دیکھا تو وہ پانی کے بجائے کھجور کا شربت (بنیز) تھا۔ آپؐ نے فرمایا اس میں کیا حرج ہے کھجور بھی پاک ہے اور پانی بھی پاک ہے یہ کہہ کر آپؐ نے اسی سے وضو کیا۔ اس کے بعد نماز کے لیے کھڑے ہوئے تو ان میں سے دو آدمی پاس آ کر کہنے لگے۔ یا رسول اللہ ﷺ ہم بھی آپؐ کے پیچھے نماز پڑھیں گے۔ چنانچہ وہ بھی میرے ساتھ آپؐ کے پیچھے کھڑے ہو گئے، نماز سے فارغ ہو کر میں نے پوچھا کہ یا رسول اللہ ﷺ یہ کون لوگ تھے فرمایا! شہر نصیبین کے جن تھے، اپنے کچھ معاملات میرے پاس فیصلہ کے لئے لائے تھے، انہوں نے مجھ سے توشہ مانگا تو میں نے دے دیا عرض کیا کہ یا رسول اللہ ﷺ کیا آپؐ کے ساتھ کوئی توشے کا سامان تھا؟ فرمایا میں نے انہیں گوبر اور ہڈی کا توشہ دیا ہے۔ گوبر ان کے لئے جو اور جو ہڈی گوشت ہو جائے گی۔ اس موقع پر آپؐ نے گوبر اور ہڈی سے استنجا کرنا منع فرمایا۔

صحیح مسلم، ترمذی اور مسند طیالسی میں ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے ان کے شاگرد خاص علقمہ نے پوچھا کہ آپ حضرات میں سے کوئی لیلۃ الجن میں آنحضرت ﷺ کے ساتھ تھا۔ انہوں نے کہا نہیں لیکن ایک اور واقعہ ہے کہ ایک دفعہ شب کو ہم لوگوں نے آنحضرت ﷺ کو نہیں پایا۔ میدانوں اور گھاٹیوں میں ہر جگہ ڈھونڈا مگر آپؐ نہیں ملے، ہم لوگوں کو طرح طرح کے خیال آنے لگے، کہ آپ کو کوئی اٹھا لے گیا یا دھوکے سے کسی نے قتل کر دیا۔ سخت اضطراب و قلق میں ہم نے یہ رات بسر کی صبح ہوئی تو دیکھا کہ آپؐ غار حرا کی طرف سے چلے آ رہے ہیں۔ ہم سب نے عرض کی کہ یا رسول اللہ ﷺ ہم نے شب کو ہر جگہ آپ کو ڈھونڈا، مگر کہیں آپؐ نہیں ملے، ہم سب نے سخت اضطراب اور قلق میں یہ رات بسر کی، فرمایا کہ رات کو جنوں کا قاصد آیا تھا۔ میں اس کے ساتھ گیا تھا، میں ان کو

قرآن پڑھ کرسنایا اور فرمایا کہ انہوں نے مجھ سے زادراہ کی خواہش کی، میں نے ان کے لئے دعا کی کہ وہ جس ہڈی اور گوبر پر گزریں۔ ان کے لئے وہ کھانا ہوجائے گا۔

جنات کی آبادی

علامہ مغربی تلمسانی نے اسماعیل شاہؒ جن سے جنات کی آبادی کے متعلق درجہ ذیل معلومات لکھی ہیں۔

اسماعیلؒ کہتے ہیں کہ جنات، عورتوں اور مردوں کوستایا کرتے ہیں۔ وہ بہت سی قسم کے ہیں۔ مجھے بھی ان میں سے بہت سوں کا حال معلوم ہے۔ ایسے جنات کی ۷۰ ستر قومیں ہیں اور ہر قوم میں ۷۰ ہزار قبیلے ہیں اور ہر قبیلے میں ۷۰ ہزار افراد ہیں۔ اگر آسمان سے سوئی پھینکی جائے تو وہ زمین پر نہ گرے گی۔ بلکہ ان کے سروں پر رک جائے گی۔

آیت الکرسی کا ایک جن کو جلانا اور انسان کی حفاظت کرنے کا ایک قصہ

امام غزالی رحمتہ اللہ نے ذکر کیا ہے۔ ابی قتیبہ سے کہ اس نے بیان کیا۔

مجھ سے بنی کعب کے ایک بوڑھے آدمی نے کہ میں کھجور بیچنے کے واسطے شہر بصرہ میں داخل ہوا۔ کوئی گھر ٹھہرنے کو نہ ملا۔ پھر ایک گھر ایسا پایا جس میں لکڑی کی جالی لگی ہوئی تھی۔ میں نے کہا یہ کیسا گھر ہے لوگوں نے کہا یہ گھر غیر آباد ہے۔ میں نے اس کے مالک سے کہا کہ کرایہ پر دیدے۔ اس نے کہا تو اپنی جان کی خیر منا۔ اس میں ایک خبیث جن رہتا ہے جو کوئی اس گھر میں آتا ہے اس کو مارڈالتا ہے۔ میں نے کہا تو مجھ کو کرایہ پر دیدے۔ اور مجھ کو اس جن کے ساتھ رہنے دے۔ اللہ تعالیٰ میری مدد کرے گا۔ اس نے کہا اچھا لے لو تو تب میں اس میں ٹھہرا جب رات کو خوب اندھیرا ہوگیا ایک شخص آیا جس کی آنکھیں ایسی جیسے آگ کے شعلے ہوں اور اس کے ساتھ ایک اندھیرا اور تاریکی تھی اور وہ میری طرف بڑھتا ہوا

آنے لگا۔ میں نے آیت الکرسی آخر تک پڑھی جو کلمہ اس آیت کا میں پڑھتا تھا وہی کلمہ وہ پڑھتا تھا۔ جب میں اس کلمہ پر پہنچا وَلَایَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ اس نے کچھ نہ کہا۔ میں نے اسی کلمہ کو بار بار پڑھنا شروع کر دیا۔ تب وہ اندھیرا اور تاریکی جو پہلے ہوئی تھی جاتی رہی۔ پھر میں ایک طرف سو رہا۔ جب صبح ہوئی میں نے اس جگہ جہاں وہ خبیث تھا آگ کا اثر دیکھا اور راکھ دیکھی اور یہ آواز کان میں آئی کہ تو نے بڑے خبیث جن کو جلا دیا۔ میں نے کہا کہ وہ کس چیز سے جل گیا کہا اس کلمہ سے وَلَایَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ۚ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۵ ۚ لَاتَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَانَوْمٌ ۚ لَہٗ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَافِی الْاَرْضِ ۚ مَنْ ذَالَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَہٗٓ اِلَّابِاِذْنِہٖ ۚ یَعْلَمُ مَابَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَمَاخَلْفَھُمْ ۚ وَلَایُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِہٖٓ اِلَّا بِمَاشَآءَ ۚ وَسِعَ کُرْسِیُّہُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَایَئُوْدُہٗ حِفْظُھُمَا ۚ وَھُوَالْعَلِیُّ الْعَظِیْمُo

جن جلانے کا ایک مجرب فلیتہ

جب کسی شخص کو جنات نظر آتے ہوں یا تنگ کرتے ہوں۔ یا جنات کے اثر سے کوئی اور تکلیف ہو تو چاہیے کہ یہ فلیتہ بنائیں اور مریض کو روزانہ وقت مقررہ پر چراغ جلا کر دکھائیں۔

اَللّٰھُمَّ احرق الشیاطین

۱۳	۳	۲	۱۶
۸	۱۵	۱۱	۵
۱۲	۶	۷	۹
۱	۱۵	۱۴	۴

کلھم بحق — اوپروالا سرا اچھڑ

ھٰذا لتکیر

مٹی کے دیئے میں سرسوں کا تیل ڈال کر بتی پر روئی لپیٹ کر سات رات تک مریض کے سامنے چراغ جلا کر جلتا ہوا چراغ دکھائیں مریض کو جنات جلتے ہوئے نظر آئیں گے۔ چراغ بجھنے نہ دیں اور نہ ہی نظر ہٹنے پائے۔

شیاطین جلانے کا اسم ذات کا ایک نایاب عمل و نقش جو شاید کسی کے پاس ہو

نقش کو موڑ کر سر سے جلائیں گے۔ سفید کاغذ استعمال کرنا ہے اور کپڑا بھی سفید ہونا چاہیے۔ اس تعویذ کے استعمال کی ایک اہم شرط یہ ہے کہ اسم ذات (اللہ) کا ورد ۶۶۶۶، مرتبہ یا تو عامل خود پڑھے یا مریض کے گھر والے مل کر پڑھیں۔ انشاءاللہ حیرت انگیز فائدہ نظر آئے گا۔

جن جلانے کے لیے ایک مجرب فلیتہ

آسیب کے دفع کے واسطے یہ فلیتہ بھی مجرب ہے۔ اس کو جلا کر مریض کی ناک میں دھواں پہنچائیے۔

فرعون ھامان شداد عاد ثمود نمرود ابلیس کھلم فی

نار جھم جھنم سعیر سقر لظی حطمہ ھاویہ دوزخ شمر

دفع جنات کے سورۃ الجن کا نقش

یہ نقش سورۃ الجن کا ہے۔ اسے لکھ کر بچوں کے گلے میں باندھیں تو بچے جن کے شر سے محفوظ رہیں گے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۸۲۴	۷۸۱۷	۷۸۲۲
۷۸۱۹	۷۸۲۱	۷۸۲۳
۷۸۲۰	۷۸۲۵	۷۸۱۸

گھر سے جن بھگانے کے لیے

اگر معلوم ہو کہ کسی مکان میں جنات کا دخل ہے تو اسے اس طرح صاف کریں کہ ایک پانی کا کٹورہ یا کوزہ وغیرہ لے کر اس پر اول و آخر درود شریف پھر سورۃ فاتحہ ۷ بار، پھر آیت

الکرسی۔۱۰بار، سورۃ جن کی پہلی پانچ آیات ۱۰ مرتبہ پڑھیں۔
قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ سے عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (سورۃ جن، ۲۷ آیت۔ ا سے ۵ تک)
تک پڑھ کر دم کریں اور یہ پانی مکان کے اندر چھڑکیں۔ بے ہوش کو ہوش آ جائے گا
پھر آیت الکرسی کی سب تلاوت کرتے رہیں۔

جن وشیاطین جلانے کا مجرب ترین عمل

جس سے اب تک ہزاروں جن جل چکے ہیں۔ اگر کسی شخص پر جن چڑھ جائے اور دورے کی کیفیت پیدا ہوجائے۔ مریض کی آواز بدل جائے یا مریض کے سر میں جن کے اثر کی وجہ سے درد ہوتا ہو۔ تو مندرجہ ذیل فلیتہ سلگھائیں۔ انشاء اللہ جن جل جائے گا یا بھاگ جائے گا وہ عظیم فلیتہ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَاَمَّا مَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُه‘ فَاُمُّه‘ هَاوِيَة“ وَمَآ اَدْرٰاکَ مَاهِيَهْ نَارٌ ”حَامِيَة“۔ (سورۃ القارعہ ۱۰۱، آیت۔ ۸ سے ۱۱)

اللّٰه	العجل	۱۹	۱۷	۲۶	۸	۲۹	۱
بَاقِ	العجل	۳۱	۱۱	۱۴	۲۸	۱۲	۶
مِنْ	العجل	۱۳	۲۲	۳۵	۲۴	۷	۱۰
كُلِّ	العجل	۲۷	۴	۳	۲۰	۱۵	۵
فَانَ	العجل	۱۴	۲	۹	۱۸	۲۳	۲۵

دفع جنات کے لیے سورۃ البقرۃ کا مجرب وآزمودہ عمل

جس گھر میں جنات ہوں۔ اس میں سورۃ بقرہ اس طرح پڑھیں کہ گھر کے ہر کمرے میں ایک نشست میں بغیر بات کئے پوری سورۃ پڑھیے۔ جب سورۃ ختم ہونے میں دو یا تین رکوع رہ جائیں تو اشارے سے کسی دوسرے گھر یا مسجد سے پانی منگوائیں۔ پھر اس پر

پھونکیں۔ پھر یہ پانی تمام کمروں کے چاروں کونوں میں چھڑکیں۔ کیونکہ رسول ﷺ نے فرمایا کہ جس گھر میں سورۃ البقرہ پڑھی جائے شیطان وہاں سے بھاگ جاتا ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ سورۃ البقرہ کی دس آیتیں ایسی ہیں کہ اگر کوئی شخص ان کو رات میں پڑھ لے تو اس رات کو جن، شیطان گھر میں داخل نہ ہوگا۔ اور اس کو اور اس کے اہل وعیال کو اس رات میں کوئی آفت، بیماری، رنج وغم وغیرہ ناگوار چیز پیش نہ آئے گی اور اگر یہ آیتیں کسی مجنون پر پڑھی جائیں تو اس کو افاقہ ہو جائے گا۔ وہ دس آیتیں یہ ہیں۔ چار آیتیں شروع سورۃ بقرہ کی پھر تین آیتیں درمیانی یعنی آیت الکرسی اور اس کے بعد دو آیتیں پھر آخر سورۃ بقرہ کی تین آیتیں۔

آسیب کو حاضر کرنے کا عمل

اگر عامل یہ چاہتا ہے کہ شیطان یا آسیب مریض پر حاضر ہو جائے۔ تو مندرجہ ذیل عزیمت کو پڑھ کر ۱۶ بار خوشبودار پھولوں پر دم کر کے مریض کو سنگھادے اور دو پھول اس پر مارے شیطان یا آسیب مریض پر حاضر ہو جائے گا وہ عزیمت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عَزَمْتُ علیکم فتحولکَ خَبِیْک خَبِیْکَ اَلَمْ اَلَمْ صفکًا اَلِیْسَا اَلِیْسَا جَلْسَا بَلْسَا طَلْسَا طَلْسَا سَوْدًا سَوْدًا کَھْلَا کَھْلَا جَھْلَا جَھْلَا جَھْلَا مَھْلَا مَھْلَا سَنجیًا سَنجیًا شدِبًا ملنَسبًا بنسیًا بحق خاتم سلیمان بن داودَ علیھما السلام اُحْضُرُوْ مِنْ جانب المشارق و المغارب من جانب الا یسر بحق لاالہ الا اللّٰہ محمد رسول اللّٰہ بحق عرشہ اللّٰہ و کرسیہ۔

آسیب کو جلانے کا نقش

حسب ذیل نقش لکھ کر فلیتہ بنائیں اور سرسوں کے تیل کے چراغ میں روئی لپیٹ کر

آسیب زدہ کے سامنے روشن کریں۔ آسیب اور جن جل جائیں گے۔

۷۸۶
ج د ۱۱ د ج د ۱۱ د ح
بحق یا بدوح یا تنکفیل

آسیب کو جلانے کے لیے نقش

حسب ذیل نقش کاغذ پر لکھ کر صاف روئی میں لپیٹے اور فلیتہ بنا کر آسیب زدہ کے سامنے رات کے وقت روشن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔

آسیب بھگانے کے لیے

آسیب زدہ کو یہ نقش کاغذ، چینی کی پلیٹ یا ہاتھ پر لکھ کر دکھائیں۔ آسیب بھاگ جائے گا۔

آسیب زدہ کا مجرب علاج

جس شخص پر جن بھوت یا چڑیل کا اثر ہو۔ اس کے گلے میں لکھ کر درج ذیل دعا ڈالیں اور بسم اللہ ملا کر ۶ مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم بھی کریں۔ بہت مجرب ہے۔

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَى اهو سانا هُومَا ابرهوما اهيًا اشراهيًا۔

آسیب زدہ کے لیے ایک دعا

درج ذیل دعا کو سات بار آسیب زدہ پر پڑھ کر دم کرنے سے انشاء اللہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ آلٓمٓ، آلٓمٓصٓ، طٰهٰ، طٰسٓ، طٰسٓمٓ، كٓهٰيٰعٓصٓ، يٰسٓ والقرآن الحكيم، حٰمٓ، عٓسٓقٓ، قٓ، نٓ والقلم وما يسطرون۔

آسیب زدہ کے لیے گلے میں باندھنے والا نقش

درج ذیل نقش آسیب زدہ کے گلے میں باندھیں یا اس کے تکیہ میں رکھیں۔ انشاء اللہ بہت فائدہ ہوگا۔

یا جبرائیل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا میکائیل

یالطیف یا اللہ

یااللہ

یامحمد

دفع آسیب

آسیب کے دفع ہونے کے واسطے کڑوے تیل میں اجوائن ملا کر اس پر ۳ دفعہ یہ اسم پڑھیں۔ ''شریت'' اور آسیب زدہ کے تمام بدن پر مالش کریں۔ بخار بھی ہو تو صَرف مریض

کے ہاتھ پاؤں پر مالش کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ، ۵ مرتبہ یہ عمل کرنے سے مریض فوراً اچھا ہو جائے گا۔

دفع آسیب کے لیے قرآنی مجرب عمل

آسیب کے لیے یہ عمل بھی مجرب ہے کہ آسیب زدہ کے کان میں سورۃ المومنون کی یہ آیتیں ۳ مرتبہ پڑھیں۔

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (سورۃ مومنون، ۲۳، آیت۔ ۱۱۵ سے ۱۱۸)

جن، پری، دیو اور آسیب کے لیے مجرب فلیتہ

اس فلیتہ کی خاصیت یہ ہے کہ جیسے ہی یہ فلیتہ جلا کر جن زدہ کو دکھایا جائے تو بھوت پریت وغیرہ فوراً بھاگ جاتے ہیں۔ ترکیب یہ ہے کہ

ایک سفید کاغذ لے کر مریض کے تمام جسم پر ملیں کہ کوئی حصہ باقی نہ رہے، پھر کاغذ پر نقش لکھ کر بتی بنائیں اور سرسوں کے تیل سے چراغ یعنی اس میں بتی کو جلائیں اور مریض بتی کو دیکھتا رہے۔ فلیتہ یہ ہے۔

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

فرعون علیہ لعنہ، نمرود علیہ لعنہ، شداد علیہ لعنہ، قارون علیہ لعنہ، ابلیس علیہ لعنہ، ابوجہل

علیہ لعنہ، آنچہ درو جود فلاں ابن فلاں داخل شودہ، است در نجس رسانند دریں فلیتہ خاصر شودھ

آسیب و جنات سے حفاظت

اگر کسی گھر میں آسیب و جنات کا داخلہ ہوا اور وہ تنگ کرتے ہوں خوفزدہ کرتے رہتے ہوں کسی بھی طرح گھر چھوڑ کر نہ جاتے ہوں تو ان کو بھگانے کی غرض سے چاہیے کہ اس گھر میں باوضو حالت میں بیٹھ کر نہایت توجہ و یکسوئی کے ساتھ مندرجہ ذیل آیت مبارکہ ایک ہزار مرتبہ پڑھی جائے آیت مبارکہ یہ ہے۔

اُولٰٓئِکَ مَاکَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ لَھُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ" وَّلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ" عَظِیْمٌ"۔ (سورہ بقرہ ۲، آیت ۱۱۴)

روزانہ پڑھنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہوگی اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی علاوہ ازیں اگر اس آیت مبارکہ کو لکھ کر گھر میں دیوار کے ساتھ آویزاں کر دیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ گھر آسیب و جنات کے اثرات سے محفوظ ہو جائے گا کوئی موذی جانور اور آسیب و جنات اس گھر کے اندر داخل نہ ہو سکیں گے اور نہ گھر کے مکینوں کو تنگ کریں گے۔ مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

بدروحوں سے محفوظ رہے

اگر کسی مکان میں بدروحوں کی آمد و رفت ہوا اور وہ تنگ کرتی ہوں جس کے باعث بہت زیادہ پریشانی ہو تو خبیث بدروحوں کو بھگانے کی غرض سے چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پہ لکھے۔

اُولٰٓئِکَ مَاکَانَ لَھُمْ اَنْ یَّدْخُلُوْھَآ اِلَّا خَآئِفِیْنَ لَھُمْ فِی الدُّنْیَا خِزْیٌ" وَّلَھُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ" عَظِیْمٌ"۔ (سورہ بقرہ ۲، آیت ۱۱۴)

لکھنے کے بعد اس کاغذ کو مکان کی دیوار کے ساتھ چسپاں کر دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و

کرم سے کوئی بدروح اس مکان میں داخل نہ ہو سکے گی۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

کاروبار کی حفاظت

اگر کسی کا کاروبار بہت چلتا ہو اور حاسدین کی نظریں اس کے کاروبار پر ہوں۔ حاسدین کی نظر لگنے کی وجہ سے کاروبار کے تباہ ہونے کا سخت اندیشہ ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۃ بقرہ کی یہ آیت ایک سفید کاغذ پر لکھے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (سورۃ بقرہ ۲، آیت ۷)

آیت مبارکہ لکھنے کے بعد کسی گتے کے صاف ٹکڑے پر چسپاں کرے اور یہ گتہ کاروبار والی جگہ میں دیوار کے ساتھ لٹکا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کاروبار دن بدن ترقی کرے گا اور حاسدین کی نظر بد سے محفوظ رہے گا ان کی نظر بد کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکے گی اللہ تعالیٰ سورۃ بقرہ کی برکت کے طفیل خصوصی حفاظت فرمائے گا۔

نظر بد سے حفاظت

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو جس کی وجہ سے بچہ بیمار ہو گیا ہو تو نظر بد دور کرنے کی غرض سے سورۃ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیت مبارکہ کو اکابرین کرام نے ایک قلعہ کہا ہے اور کہا ہے کہ یہ آیت مبارکہ نظر بد سے حفاظت کے لیے قلعہ کی مانند ہے یعنی جس بچے کے گلے میں اس آیت مبارکہ کا تعویز ہو گا کوئی بھی نظر بد اس کا کچھ نہ بگاڑ سکے گی۔ آیت مبارکہ یہ ہے۔

خَتَمَ اللّٰهُ عَلٰی قُلُوْبِهِمْ وَعَلٰی سَمْعِهِمْ وَعَلٰٓی اَبْصَارِهِمْ غِشَاوَةٌ وَّلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (سورۃ بقرہ ۲، آیت ۷)

اس آیت مبارکہ کو باوضو حالت میں سفید کاغذ پر عرق گلاب اور زعفران سے سات

مرتبہ لکھے اور تعویز کی طرح بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے حفاظت رہے گی اور اگر بچے کو بری نظر لگ گئی ہو گی تو اس آیت مبارکہ کی برکت کے طفیل نظر بد دور ہو جائے گی بچہ صحت یاب ہو جائے گا نظر بد دور کرنے کے لیے یہ نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

نظر بد کا علاج

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو جس کی باعث بچہ بات بات پر بگڑتا ہو، روتا ہو اور ضد کرتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ سورۂ بقرہ کی مندرجہ ذیل آیہ مبارکہ

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْنَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍفَاِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۔ (سورۃ بقرہ، ۲ آیت۔ ۲۷۰)

باوضو حالت میں پڑھ کر بچے پر دم کرے اگر بڑے کو بھی نظر بد لگی ہو گی تو بفضل باری تعالیٰ آرام آجائے گا بری نظر کے اثرات ختم ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا علاوہ اور اگر وہ ویسے ہی یہ آیہ مبارکہ پڑھ کر دم کر دیا جائے تو اس سے یہ فائدہ ہوتا ہے کہ نظر بد سے بچاؤ رہتا ہے۔

آسیب دفع ہو

اگر کسی گھر میں آسیب کا سایہ ہو تو باوضو حالت میں اکیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر پانی دم کرے اور گھر کے چاروں کونوں میں یہ دم کیا ہوا پانی چھڑک دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔

آسیب دور کرنا

اگر کوئی آسیب زدہ ہو۔ آسیب اسے بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے تین سو مرتبہ سورہ کوثر باوضو حالت میں پڑھے پھر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی

اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور سورۂ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے پر اس پانی کے چھینٹے مارے۔

اس کے علاوہ جس گھر میں آسیب زدہ رہتا ہو، اس کے چاروں کونوں میں بھی اس پانی کو چھڑک دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا آسیب زدہ کو آرام آ جائے گا یہ عمل کوئی عامل کرے۔ عام آدمی اس میں ہاتھ نہ ڈالے۔

آسیب زدہ کے لئے

آسیب سے خلاصی نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس دم کئے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے سورہ کوثر لکھ کر ڈال دے۔

یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

آسیب کو بھگانا

باوضو حالت میں سورہ کوثر پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں دم کرے بلکہ آسیب زدہ کے کان میں پڑھے۔ اس کے بعد سورہ کوثر ایک سفید کاغذ پر لکھے اور تعویذ کی شکل میں آسیب زدہ کے گلے میں ڈالے۔ بفضل باری تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا۔

آسیب کے لئے

اگر کسی بچے پر آسیب کا سایہ ہو تو باوضو حالت میں ۳۱ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر ماش کے او پر دم کرے اور ماش کو بچے کے سر سے اتار کر ماش کو آگ میں ڈال دے۔

آسیب حاضر ہو کر بات کرے گا اور پھر بچے کو تکلیف دینا چھوڑ دے گا اور چلا جائے

گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے بچے کو خلاصی مل جائے گی اور دوبارہ آسیب تنگ نہ کرے گا۔

جن کا سایہ

اگر کسی کو جن کا سایہ ہو اور وہ اس کو تکلیف پہنچاتا ہو کسی بھی طرح خلاصی نہ کرتا ہو تو باوضو حالت میں عرق گلاب اور زعفران سے چینی کی پلیٹ پر سورہ کوثر لکھے اور دھو کر پلا دے اسی پانی سے غسل بھی کروائے۔ بفضل باری تعالیٰ جن کا سایہ دور ہو جائے گا۔

ڈائن کی نظر بد

جو کوئی کسی ڈائن کی نظر بد کا شکار ہونے کے باعث بیمار ہو گیا ہو اور آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ ایک چھری لے کر اس پر سورہ کوثر اس طرح سے اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کرے کہ اوّل وآخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ اس چھری کو مریض کے سایہ میں گاڑ دے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مریض ٹھیک ہو جائے گا اور نظر بد ختم ہو جائے گی۔

شیطانی وسواس سے نجات کے لئے

جب کسی کو شیطانی وسواس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ہر وقت گندے تصورات میں کھویا رہتا ہو۔ ذہن نیکی کے کاموں کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر سو جائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔

جب فجر کی نماز کے لئے اٹھے تو نماز فجر کی سنت نماز پڑھنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ اسے شیطانی وسواس سے نجات مل جائے گی شیطان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہوگی۔

اس کے علاوہ رات کو سونے سے پیشتر تین مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر دم کیا ہوا پانی چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے۔

نظر اتارنا

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہوئی ہو تو اس کو اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ کوثر اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر درود پاک پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظر بد ختم ہو جائے گی۔

نظر بد سے بچاؤ

اگر کسی بچہ کو نظر بد لگ جائے تو چاہیے کہ سورۂ کوثر باوضو حالت میں پڑھ کر تین مرتبہ دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بری نظر کا اثر زائل ہو جائے گا اور جو کوئی ہر روز نماز مغرب کے بعد سورہ کوثر پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے تو بچہ کبھی نظر بد کا شکار نہ ہوگا اور بری نظر سے محفوظ رہے گا۔

نظر بد سے بچاؤ کے لئے

جس بچے کو بہت جلد نظر بد ہو جاتی ہو ہر روز کسی نہ کسی کی نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ کوثر لکھ کر تعویذ میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا مگر ادب کو ملحوظ خاطر رکھے اور دھیان اور توجہ کرے کہ کہیں بچہ تعویذ کو ناپاک جگہ پر نہ گرا دے اس کے علاوہ اگر بچے کے گلے میں تعویذ نہ ڈالنا ہو تو پھر ہر روز نماز مغرب کے بعد اول وآخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ سورہ کوثر پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے انشاء اللہ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

اگر کسی بچے کو نظر بد ہوئی ہو تو اسے بھی اسی طرح دم کرے بفضل باری تعالیٰ بری نظر اتر جائے گی اور بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

آسیب دور کرنا

اگر کوئی آسیب زدہ ہو آسیب اسے بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے تین مرتبہ سورہ فاتحہ باضو حالت میں پڑھے پھر ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور سورہ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے پر اس پانی کے چھینٹے مارے اس کے علاوہ جس گھر میں آسیب زدہ رہتا ہو، اس کے چاروں کونوں میں بھی اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا۔ آسیب زدہ کو آرام آ جائے گا۔

آسیب زدہ کے لیے

آسیب سے خلاصی اور نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس دم کیے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے سورہ فاتحہ لکھ کر ڈال دے۔ یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

نظر اُتارنا

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہوئی تو اس کو اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ سورہ فاتحہ اس طرح سے پڑھے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظر بد ختم ہو جائے گی

نظر بد سے بچاؤ کے لیے

جس بچے کو بہت جلد نظر بد ہو جاتی ہو ہر روز کسی نہ کسی کی نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں سورۂ فاتحہ لکھ کر تعویذ میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا مگر ادب کو ملحوظ خاطر رکھے اور دھیان اور توجہ کرے کہ کہیں بچہ تعویذ کو ناپاک جگہ پر نہ گرا دے اس کے علاوہ اگر بچے کے گلے میں تعویذ ڈالنا ہو تو پھر ہر روز نماز مغرب کے بعد اول و آخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا اگر کسی بچے کو نظر بد ہوئی ہو تو اسے بھی اسی طرح دم کرے بفضل باری تعالیٰ بڑی نظر اتر جائے گی اور بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

نظر بد سے بچاؤ

نظر بد سے بچاؤ کے لیے ذیل میں دیا ہوا نقش مبارک فوری اثر دکھاتا ہے اس کو بازو باندھنے یا گلے میں تعویذ کی طرح لٹکانے سے بری نظر کا اثر زائل ہو جاتا ہے اگر کسی کو نظر بد لگی ہوئی اور وہ اس کا شکار ہو کر کسی مرض میں مبتلا ہو گیا ہو اور اسے کسی طرح قرار نہ ہوتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ باوضو ہو کر سورۂ فاتحہ کا نقش مبارک لکھ کر اس پر سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کرے پھر اسے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال دے بفضل باری تعالیٰ نظر بد کا اثر فوری طور پر جاتا رہے گا اور نظر بد سے آزاد ہو جائے گا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

بسم اللّٰہ	بسم اللّٰہ	الرحمٰن	الحمدللّٰہ	رب العالمین
الرحمٰن الرحیم	مالک	یوم الدین	ایاک نعبد	وایّاک نستعین
اھدناالصراط	السمتقیم	صراط الذین	انعمت	علیھم
غیر المغضوب	علیھم	وَلَا	الضّالین	امین

جنات سے چھٹکارا

اگر کسی کو جن، دیو اور پری نے یا کسی خبیث روح نے قابو کر رکھا ہو اور اس کا پیچھا نہ چھوڑ رہا ہو تو اس سے چھٹکارے کے لئے اور ہر قسم کی پریشانی اور تکلیف سے نجات کے لئے ذیل کا عمل کرنے سے خلاصی حاصل ہو جائے گی۔

اس کے لئے عامل زکوٰۃ سورہ رحمٰن اس شخص کو گھر سے باہر ایسی جگہ لے جائے جہاں پر پانی رواں دواں ہو۔ مثلاً کسی نہر، ندی یا نالے اور دریا پر پھر اس جگہ باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر اس کو پانی میں ڈال کر پھر باہر نکالے اور اس کے دائیں کان میں تین مرتبہ سورہ رحمٰن کی آیات مبارکہ یامعشر الجن والانس سے لے کر تنقیران تک پڑھ کر پھونک مارے اس کے بعد اس کو دوبارہ پانی میں غوطہ دے کر نکالے اور اس کے بائیں کان میں تین مرتبہ یہی آیات بالا پڑھ کر پھونک مارے پھر اس کو پانی میں غوطہ دے کر باہر نکالے اور انہی آیات کو تین مرتبہ پڑھ کر مریض کے پورے جسم پر ہاتھ پھیر کے جیسے پورے بدن پر دم کیا جاتا ہے۔ اس کے بعد تین مرتبہ یہ دعا پڑھ کر اس پر دم کرے۔ دعا یہ ہے۔

اُخرُج اَیُّھَاالعَارِضَ النَّمَذَ ذُوالرُّوْحُ الْمُفْسِدِبِاِذْنِ اللّٰہِ تَعَالٰی۔

اس کے بعد اس دعا کو اور آیات مذکورہ بالا کو سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھ کر خوشبو لگا کر اوپر ایک مرتبہ سورہ رحمٰن اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈالے۔ اس عمل کی بدولت وہ خبیث روح یا جن، دیو یا پری جو کچھ بھی ہوگا ہمیشہ کے لئے بھاگ جائے گا اور پھر کبھی نزدیک آ کر تنگ بھی نہیں کرے گا اور گھر والوں کی تمام پریشانی رفو چکر ہو جائے گی۔

آسیب کا علاج

اگر برج سرطان والا فرد خواہ مرد ہو یا عورت اس پر آسیب کا سایہ ہو گیا ہو اور آسیب

سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل باعث شفاء ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر مشک وزعفران سے سورۂ رحمٰن کی آیات یا معشر الجن سے لے کر الا سلطان تک لکھے ساتھ ہی بسم اللہ شریف بھی لکھے۔ پھر اس کو خوشبو لگا کر موم جامہ کر کے مریض کے بازو پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ بفضل باری تعالیٰ آسیب بھاگ جائے گا اور اس عمل کی برکت سے پھر کبھی نزدیک نہ آئے گا اور مریض شفایاب ہو جائے گا۔ جو کوئی اس بات کا خواہشمند ہو کہ آسیب کو حاضر کر کے اور اس کا علاج کرے تو اس کو سب سے پہلے سورۂ رحمٰن کی زکوٰۃ ادا کرنی ہوگی اور اس مقصد کے لئے ذیل کا طریقہ اختیار کرنا ہوگا۔

ہر روز بعد از نماز عشاء سورۂ رحمٰن کی آیات ذیل کو تین سو مرتبہ اوّل وآخر درود شریف اکتالیس اکتالیس مرتبہ نہایت یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔

آیات یہ ہیں۔

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔ یا جم یا دلو یا سالین یا ابراہیم حاضر شو۔

(سورۂ رحمٰن، ۵۵ آیت۔ ۳۳)

چالیس دن کے بلاناغہ عمل سے وہ اس عمل کا عامل ہو جائے گا اور جب بھی کسی آسیب کو حاضر کرنا چاہے گا تو اس کے لئے مریض کے سر پر باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ یا اکیس مرتبہ یہی عمل پڑھ کر کسی پھول یا عطر پر دم کر کے مریض کو سنگھا دے۔ انشاء اللہ آسیب اسی وقت حاضر ہوگا اور کہے گا کہ میں فلاں بن فلاں ہوں اپنے بارے میں ہر ایک بات بتلا دے گا۔ عامل کے ہر سوال کا جواب دے گا اور اس کی تابعداری کرے گا اور مریض کی گلو خلاصی کرے گا۔

اس عمل کے لئے پرہیز ترک جمالی وجلالی لازمی ہے۔

آسیب سے چھٹکارا

جس کسی کو آسیب ہو اور اس کا علاج نہ ہو رہا ہو تو ایسی حال میں ذیل کا عمل مجرب ہے۔

اس کے لئے ذیل کی آیات و سورہ مبارکہ پانی پر دم کر کے روزانہ مسحور کو پلائیں اور انہی آیات سورہ مبارکہ کو سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھیں اور خوشبو لگا کر اوپر سورہ رحمٰن سات بار اول اور آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر دم کر کے مسحور کے گلے میں موم جامہ کر کے پہنا دیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے مسحور کو مکمل شفا ملے گی اور آسیب دفعہ ہو جائے گا۔ پانی پلانے کا عمل اکیس روز تک جاری رکھیں تاکہ آسیب کے اثرات کا مکمل خاتمہ ہو جائے۔

آیات و سورہ مبارکہ یہ ہیں۔

۱۔ سورۂ اخلاص .... سات مرتبہ

۲۔ آیت الکرسی .... سات مرتبہ

۳۔ سورہ رحمٰن کی آیت یٰمَعۡشَرَ الۡجِنِّ سے اِلَّا بِسُلۡطٰنٍ تک .... سات مرتبہ

۴۔ اول و آخر درود شفا .... گیارہ گیارہ بار۔

دافع آسیب

جس کسی کو آسیب حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور پیچھا نہ چھوڑتا ہو تو ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سات دانے فلفل سیاہ لے کر باوضو حالت میں ہر ایک دانے پر سات مرتبہ سورہ رحمٰن کی آیت یٰامعشر الجن سے الا بسلطن تک پڑھ کر دم کرے۔ پھر ان دانوں کو پانی میں تھوڑا سا گھس کر اس پانی کو آسیب زدہ کی دونوں آنکھوں میں سرمہ کی

طرح تین تین بار لگائے۔ انشاء اللہ اس عمل سے آسیب پیچھا چھوڑ کر دفع ہو جائے گا اور پھر کبھی بھی لوٹ کر واپس نہ آئے گا اس عمل کو تاشفاء مکمل جاری رکھیں۔

آسیب سے حفاظت

آسیب سے حفاظت اور اپنا حصار کرنے کے لئے ذیل کا عمل بے حد نافع ہے۔
اس مقصد کے لئے روزانہ بعد از نماز عشاء تین بار آیت الکرسی تین بار سورہ کافرون تین بار سورۂ اخلاص، تین بار سورۂ فلق، تین بار سورۂ ناس پڑھ کر اکتالیس مرتبہ یَاحَفِیْظُ تُحَفَّظْتُ بِالْحَفِیْظِ ۔ وَاحْفِظْ فِیْ حِفْظِکَ یَاحَفِیْظُ ۔ پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر دم کرنے کے بعد تمام جسم پر پھیرے بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کے آسیب سے محفوظ رہے گا اور اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھیں گے۔

نظر بد کے لئے

جس کسی مرد وعورت بچے کو نظر بد لگ گئی ہو اور کوئی شفا نہ ملتی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے نوتار کچے نیلے سوت کے لے کر جو اتنے بڑے ہوں کہ مریض کے گلے میں آ جائیں ان پر ہر بار تین بار درود شریف اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر دم کر کے باری باری چھ گرہیں لگائی جائیں۔ پھر گنڈہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے نظر بد ختم ہو جائے گی۔

شر شیطان سے حفاظت

شیطان کے شر سے سال بھر کے لئے محفوظ رہنے کے لئے یکم محرم الحرام ہر سال کو بعد از نماز ظہر دو رکعت نماز نفل بہ طریق ذیل پڑھنے سے سال بھر کے لئے شر شیطان سے حفاظت اللہ تعالیٰ کی طرف سے مل جاتی ہے۔ یہ عمل ہر سال کرنے سے ساری زندگی انسان

شر شیطان سے محفوظ رہتا ہے۔

اس کے لئے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد تین مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھنے کے بعد نماز مکمل کرے اور سلام پھیرنے کے بعد ذیل کی دعا تین سے سات بار مانگے۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہِ الْاَبْرَارِ الْقَدِیْمِ وَھٰذِہٖ سَنَتُکَہٗ جَدِیْدَۃٌ اَسْئَالُکَ فِیْھَا الْعِصْمَتَہٗ مِنَ الشَّیْطٰنِ وَالْعَوْنَ عَلَی النَّفْسِ الْاَمَّارَۃَ وَاَسْئَالُکَ اِلْاَشْتِغَالِ بِمَایُقَرِّبُنِیْ اِلَیْکَ یَاکَرِیْمِ یَاذُوْالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام۔

اس عمل کی بدولت سے انشاء اللہ سارا سال حفاظت شر شیطان بفضل الٰہی رہتی ہے اور انسان نیکی کے کاموں میں معروف رہتا ہے۔

مکان میں آسیبی خلل

مکان میں رہنے سے بال بچے بیمار اور طرح طرح کی پریشانیوں میں مبتلا رہتے ہوں اور ان آفتوں اور بلاؤں کے دفعیہ کے لئے تمام تدابیر کر کے ہار گئے ہوں تو چاہیے کہ چار عدد کیلیں لوہے کی ایک ایک بالشت لمبی اور وزن ہر ایک کیل کا پانچ چھٹانک ہو۔ ان کو چوکور بنوایا جائے اور ہر کیل کے ہر پہلو پر چاروں طرف اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم لکھا جائے۔ اس کے بعد کچا سوت ہر کیل پر اس طرح لپیٹا جائے کہ تمام عبارت کندہ چھپ جائے۔ ان کیلوں کو گھر کے چاروں کونوں میں دفن کر دے۔

آسیب سے نجات

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو کسی دوسرے کو چاہیے کہ وہ باوضو ہو کر سات مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھے اور مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آ جائے گا۔

خود کلامی کا علاج

نو ے دن تک روزانہ ایک سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم اور ایک مرتبہ بسم اللہ پڑھ کر صبح سورج نکلنے سے پیشتر ایک صراحی پانی یا مٹکے پر دم کریں اور مریض کو پینے کے لئے یہی پانی دیں۔ اگر مریض خود عمل کرنے کے حال میں ہو تو یہی آیت صبح سویرے اور رات کو سونے سے پہلے ایک مرتبہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے اور دونوں ہاتھ چہرے پر پھیر لے۔

آسیب سے نجات

اگر کسی بچہ کو آسیب ہو گیا ہو تو اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ جلد شفا پائے گا۔

نظر بد سے نجات

تین دن تک ہر روز تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھے تو نظر بد سے امن میں رہے گا۔

شیطان سے حفاظت

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے برائی سے بچا رہے اور اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد 90 مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔

اللہ تعالیٰ اسے شر شیطان سے محفوظ رکھے گا۔ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ اس کے دل میں برائی سے نفرت پیدا ہوگی اور طبیعت نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہوگی۔

شر شیطان سے بچاؤ

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے اور نیکی کے راستے پر چلنے پر گامزن ہونے کی غرض سے ہر روز نماز مغرب کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور اکیس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شر شیطان سے بچاؤ کے لئے دعا مانگے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے شیطان کے شر سے بچاؤ رہے گا۔اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہوگی اور اللہ تعالیٰ سیدھی راہ پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

شیطانی وساوس کا خاتمہ

جب کسی کو شیطان وسواس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ہر وقت گندے تصورات میں کھویا رہتا ہو۔ ذہن نیکی کے کاموں کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی۔ برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔

شیطانی وساوس کا خاتمہ

جب فجر کی نماز کے لئے اٹھے تو نماز فجر کی سنت نماز پڑھنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔انشاء اللہ تعالیٰ اسے شیطانی وساوس سے نجات مل جائے گی۔ شیطان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہوگی۔

پراگندگی تصور سے نجات

رات کو سونے سے پیشتر تین سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر دم کیا ہوا پانی

چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا۔ اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے۔

وساوس سے نجات پانا

جب کسی کو شیطانی وساوس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ذہن نیکی کے کاموں کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اول وآخر تین تین درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر سو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی۔ برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔ ذہن درست ہو جائے گا۔

برے خیالات کا علاج

رات کو سونے سے پیشتر تین مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر دم کیا ہوا پانی چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا۔ اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے۔

دافع آسیب

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہوا اور اس کی وجہ سے وہ بہت پریشان ہو تو کسی دوسرے کو چاہیے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات سو مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم کا ورد کرے۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

آسیب سے نجات

آسیب سے خلاصی اور نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس دم کیئے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم لکھ کر ڈال دے۔ یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

آسیب سے بچاؤ

آسیب سے خلاصی نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پر دم کرے اور اس کیئے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھ کر ڈال دے۔

یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہوگا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

آسیب سے چھٹکارا

اگر کوئی آسیب زدہ ہو۔ آسیب اسے بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے تین سو تیرہ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم باوضو حالت میں پڑھے پھر ایک مرتبہ آیت الکرسی اور ایک ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور سورہ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے پر اس پانی کے چھینٹے مارے۔

آسیب و نظر بد

آسیب و نظر بد کے لئے ذیل کا عمل مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے

سورہ الناس لکھیں اور اس کے چاروں طرف بسم اللہ شریف کا سات مرتبہ دائرہ مکمل کریں پھر اس پر سورۃ الناس اکتالیس مرتبہ اور اکتالیس مرتبہ درود شفاء پڑھ کر دم کر کے موم جامہ کر کے آسیب و بدنظر والے کے گلے میں ڈالیں۔ انشاء اللہ اس عمل سے آسیب و بدنظری سے چھٹکارا مل جائے گا۔

دافع جن

اگر کسی شخص کو جن چمٹ گیا ہو اور کسی طرح پیچھا نہ چھوڑتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل نافع ہے۔

